17/02/2026

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میناعجازہ اختر

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی آج ممبئی میں فرانس کے صدر Emmanuel Macron کے ساتھ ملاقات کرینگے۔ میٹنگ کے دوران دونوں لیڈر بھارت فرانس اہم شراکت داری کو مستحکم کرنے سے متعلق امور کے علاوہ علاقائی اور بین الاقوامی نوعیت کے متعدد معاملات پرتبادلہ خیال کریں گے۔واضح رہے کہ فرانس کے صدر وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر AI امپیکٹ سمٹ میں شرکت کی غرض سے آج سے بھار ت کا تین روزہ دورہ کر رہے ہیں۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں کشمیر میں چودہ مزید سیاحتی مقامات کوفوری طور پر دوبارہ کھولنے کے احکامات جاری کئے ہیں ۔ ان میں بڈگام ضلع کی یوسمرگ اور دودھ پتھری// کوکرناگ کی دندی پورہ پارک // شوپیان کی پیر کی گلی ، دبجن اور پاد پوَن// سرینگر کا ٹولپ گارڈ ن اور استان پورہ // گاندربل کا ،تھاجواس گلیشر اور ہنگ پارک // اور بارہمولہ کا وُلر وٹلب شامل ہیں۔

اسی طرح سے جموں ڈویژن کی تین سیاحتی مقامات میں ریاسی ضلع کی دیوی پِنڈی//رام بن کا مہو منگت //اور کشتواڑ ضلع کا مغلِ میدان شامل ہیں۔

ایل جی ملاقات

BJP کے سینئر لیڈر جموں کشمیر ہائی کورٹ بار ایسو سی ایشن جموں کے صدراور ایڈوکیٹ ابھینو شرما نے لوک بھون جموں میںلیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران بھدواہ کے اسمبلی ممبر دلیپ سنگھ پریہار بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقی ہوئے ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کل جمونمیں متعدد وفود کے ساتھ ملاقا ت کی اور ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوننے وفود کو یقین دلایاکہ اجاگر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پرحل کیا جائے گا۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں میں شامل کرنے نیز ان کی مجموعی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے ایک ادارہ جاتی نظام وجود میں لانے پر زور دیاہے ۔کل جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری کو جانکاری دی گئی کہ یو ٹی میں مختلف اختراعی سرگرمیوں اور پروگراموں کے ذریعے سے80ہزار سے زائد نوجوانوں کو با اختیار بنایاجا رہا ہے۔ اس موقعے پر چیف سیکریٹری نے نوجوانوں کی جسمانی و ذہنی نشو ءنما میں نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کی اہمیت کو اجا گر کیا۔

قمر سجاد

ڈائریکٹر ٹور ازم کشمیر سید قمر سجاد نے ٹورسٹ ریسیپشن سینٹر نوگام کا دورہ کرکے وہاں سیاحوں بالخصوص شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے مینکئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ سیاحوں کیلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر میں کل تین روزہ گیارواں ایگری ٹیک کسان میلہ گونگل اختتام پذیر ہوا ۔ میلے مینکافی تعداد میں لوگوں بالخصو ص کسانوں نے شرکت کی ۔اس دوران انہوں نے اعلیٰ پید ا وار دینے والے پیڑ پودے ، بیج اور دیگر زرعی اشیاءخریدنے کے ساتھ ساتھ کاشت کاری کے جدید طور طریقونکے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی ۔

پروگرام اطلاع

سامعین!ہمارے خبروں کے بلٹینز کے حوالے سے ایک ضروری اطلاع:۔

ماہ رمضان کے دوران ہمارے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین شام 5بجکر50منٹ کے بجائے 5بجکر45منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اسی طرح سے شام 6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کابلٹین اس ایک مہینے کے دوران شام 5بجکر55منٹ سے 6بجکر10منٹ تک نشر ہوا کرے گا۔

بارہمولہ

بارہمولہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر مینگاشیرپا نے ضلع میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی غر ض سے National Hydroelectric Power Corporation کے ساتھ ایک اوڑی میں منی NHPC مفاہمت نامے پر دستخط کئے ۔ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے تحت سٹیڈیم کو اپ گریڈ کرنے کے ساتھ ساتھ جنرل بپن راوت سٹیڈیم بارہمولہ میں High Mast Lights بھی نصب کرے گا۔

بانڈی پورہ

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سرگرمیاں جاری رکھتے ہوئے بانڈی پورہ کی ضلع بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔ ان مہمات کے IEC انتظامیہ نے ضلع بھر کے پنچایت حلقوں میں دوران ماہرین نے منشیات کے مضر اثرات کو اجا گر کرتے ہوئے شرکا ءپر زور دیا کہ وہ اس بدعت کا قلع قمع کرنے کیلئے ہر سطح پر اپنا بھر پور رول ادا کریں۔

شوپیان

ہمارے شوپیان کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ضلع انتظامیہ کی طرف سے جو دبجن ونٹر کار نیول پہلے ملتوی کیاگیا تھا اب آج سے منعقد ہو رہاہے ۔ اس دوران برف پر منعقد ہونے والی کئی سرگرمیوں اور تفریحی پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔ تاکہ علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کو دوام حاصل ہو سکے ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔

فیسٹول

سینٹر سرینگر کی طرف سے دنیا کے سب سے بڑے انٹر نیشنل تھیٹر TIE نیشنل اسکول آف ڈراما فیسٹول بھارت رنگ مہوتسو 2026کے 25ویں شمارے کے تحت بچوں کیلئے ” قصہ کالا پہاڑ کا سرینگر NSD TIEاور وائے ووف“موضوع پر دو تھیٹر ورکشاپ پروڈکشنز کا انعقاد کیا گیا۔ سرینگر کے کارڈنیٹر گلزر احمد گنائی نے اس موقعے پر سماج میں ایک مثبت تبدیلی لانے میں تھیٹر کی اہمیت کو اجا گر کیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ